**27.08.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........................ ماجد علی

**Music**

\-----------------------------

- ☆ کٹرہ کے ویشنو دیوی مندر کے راستے میں مٹی کے تودے گرنے کی وجہ سے کئی افراد کے ہلاک ہونے کے بعد راحت اور بچاؤ کارروائیاں جنگی پیمانے پر جاری ہیں۔ وزیراعظم نریندر مودی نے اس حادثے میں جانی نقصان پر گہرے دکھ کا اظہار کیا ہے۔
- ☆ جموں وکشمیر اور پنجاب اور ہماچل پردیش میں بارش اور سیلاب کا قہر جاری ہے۔
- ☆ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ پوری دنیا میں طاقت کی وجہ سے نہیں بلکہ سچائی، امن اور انصاف کیلئے عزم کی وجہ سے بھارت کا احترام کیا جاتا ہے۔
- ☆ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ آپریشن سندور اور آپریشن مہادیو نے دہشت گردی کے سرغناؤں کو یہ واضح پیغام دیا ہے کہ اُن کو اپنے کام کا انجام بھگتنا ہوگا۔
- ☆ بھارت نے کہا ہے کہ غزہ کے خان یونس میں صحافیوں کی ہلاکت بہت زیادہ افسوسناک ہے۔
- ☆ گنیش چتورتھی کا تہوار روایتی جوش وخروش کے ساتھ شروع ہوگیا ہے۔
- ☆ اور ، بھارت کے سابق اسپنر روی چندرن اشوِن نے انڈین پریمئرلیگ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کردیا ہے۔

\----------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**J&K VAISHNO DEVI**

جموں وکشمیر کے کٹرہ میں ویشنو دیوی مندر جانے والے راستے پر تیز بارش کی وجہ سے بڑے سے بڑے پیمانے پر زمینی تودے کھسکنے کی وجہ سے متعدد لوگ ہلاک ہو گئے ہیں۔ کل تیز بارش کی وجہ سے ویشنو دیوی مندر کے پاس زمینی تودے کھسکنے کا یہ حادثہ پیش آیا۔ Reasi کے SSP پرم ویر سنگھ نے اموات کی تصدیق کی ہے۔

مسلسل بارش کے پیش نظر CRPF کی چھٹی بٹالین کے فوجیوں نے فوری طور پر بچاؤ کی کارروائیاں شروع کردیں اور زخمیوں کو کٹرہ کے کمیونٹی ہیلتھ سینٹر CHC پہنچایا۔ مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں بتایا کہ دریائے طوی کی سطح کم ہوگئی ہے، لیکن چناب ندی ابھی بھی خطرے کے نشان کے قریب بہہ رہی ہے۔

وزیر موصوف نے کہا کہ SDRF، NDRF، نیم فوجی، فوج اور فضائیہ کے حکام، سول انتظامیہ کے ساتھ مل کر کام کررہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ بجلی، پانی اور موبائل کی خدمات کو بحال کرنا پہلی ترجیح ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اسکول اور کالجوں کو بند رکھنے کے احکامات جاری کئے گئے ہیں اور عوام کو غیر ضروری سفر سے بچنے کی صلاح دی گئی ہے۔ وزیر موصوف نے بتایا ہے کہ وزیراعظم نریندر مودی ذاتی طور پر حالات پر نگاہ رکھے ہوئے ہیں اور اس کی پیش رفت سے متعلق خبریں حاصل کررہے ہیں۔×

**PM-LANDSLIDE**

وزیراعظم نریندر مودی نے شری ماتا ویشنو دیوی مندر کے راستے پر مٹی کے تودے گرنے کے سبب ہوئی ہلاکتوں پر گہرے دکھ کا اظہار کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ انتظامیہ متاثرہ لوگوں کی مدد کررہا ہے۔ انہوں نے اس حادثے میں زخمی ہونے والوں کیلئے جلد صحتیابی کی دعا کی۔×

**PUNJAB FLOOD**

پنجاب میں راوی، بیاس اور ستلج ندیوں کے طغیانی پر بہنے کے سبب سیلاب کی صورتحال سنگین ہوتی جارہی ہے۔ کئی اضلاع میں الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ بچاؤ راحت کی کارروائیاں جاری رکھنے اور ہر وقت موجود رہنے کیلئے سبھی افسران کی چھٹیاں منسوخ کردی گئیں۔ پٹھانکوٹ، گرداس پور، فصلکا، فیروزپور اور کپور تھلہ سمیت 7 اضلاع کو ہائی الرٹ پر رکھا گیا ہے۔ امرتسر میں بھی احتیاط کے طور پر الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ پنجاب، ہماچل پردیش اور جموں وکشمیر میں پچھلے دو تین روز سے ہورہی مسلسل بارش کے سبب رنجیت ساگر باندھ اور Pong باندھ پوری طرح بھرچکے ہیں۔ بھاکڑا باندھ سے بھی پچھلے ایک ہفتے سے تھوڑے تھوڑے وقت پر پانی چھوڑا جارہا ہے، تاکہ باندھ کو نقصان سے بچایا جاسکے۔×

**RAJNATH DEFENCE**

وزیرِ دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ بھارت کسی کی زمین ہڑپنا نہیں چاہتا لیکن وہ اپنی سرزمین کے تحفظ کیلئے کسی بھی حد تک جانے کو تیار ہے۔ مدھیہ پردیش میں آرمی War کالج Mhow میں مشترکہ مذاکرات پروگرام Ran Samvad 2025 کے آخری دن اپنے خطاب میں، وزیر دفاع نے کہا کہ بھارت کے سامنے بڑے بڑے چیلنجز ہیں لیکن ہمارے عزم اور

ہماری شجاعت، اُن سے کہیں زیادہ بلند ہے۔ انہوں نے کہا کہ دنیا ہمارا احترام محض ہماری طاقت کی وجہ سے نہیں بلکہ سچائی کے تئیں ہمارے عہد، امن اور انصاف کیلئے بھی کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلح افواج کو بدلتے جغرافیائی سیاسی حلات کے پیش نظر مختصر مدت کی لڑائی سے لے کر پانچ سال کی لڑائی سمیت ہر طرح کے سکیورٹی چیلنجوں کیلئے تیار رہنا چاہیئے۔

**SB-1400-Rajanath Singh-India Stance on War**

## PM-JAPAN-CHINA VISIT

وزیر اعظم نریندر مودی، جاپان اور چین کے چار روزہ سرکاری دورے پر جائیں گے۔ وہ اِس مہینے کی **29** اور **30** تاریخ کو جاپان کے اپنے دورے کے دوران، جاپان کے اپنے ہم منصب **Shigeru Ishiba** کے ساتھ **15**وِیں بھارت-جاپان سالانہ سربراہ کانفرنس میں حصہ لیں گے۔ خارجہ سکریٹری وکرم مسری نے نئی دلّی میں نامہ نگاروں کو، وزیرِ اعظم مودی کے جاپان کے دورے کی تفصیلات بتائیں۔

**SB - Vikram Misri - PM Visit - 26 Secs**

چین کے شہر **Tianjin** میں، وزیرِ اعظم **31** اگست اور یکم ستمبر کو شنگھائی تعاون تنظیم کے سربراہانِ مملکت کی کونسل کی **25** ویں میٹنگ میں شرکت کریں گے۔ وزارت خارجہ میں مغربی معاملات کے سکریٹری **Tanmyaya Lal** نے، وزیرِ اعظم کے چین کے آئندہ دورے کے بارے میں میڈیا کو تفصیلات بتائیں۔

**SB - Tanmaya Lal - China - 29 Sec**

## SHAH OPERATION MAHADEV

مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ آپریشن سندور اور آپریشن مہادیو نے دہشت گردوں کے آقاؤں کو بھارتی شہریوں کی زندگی سے کھلواڑ کرنے کے انجام کے بارے میں واضح پیغام دیا ہے۔ جناب شاہ نے آج بھارتی فوج، جموں و کشمیر پولیس اور **CRPF** کے اُن بہادر اہلکاروں سے ملاقات کی اور اُن کی عزت افزائی کی، جنہوں نے آپریشن مہادیو کو کامیابی کے ساتھ عملی جامہ پہنایا اور پہلگام حملے میں شامل دہشت گردوں کا صفایا کردیا۔ اِس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے، انہوں نے کہا کہ آپریشن سندور لوگوں کیلئے اطمینان بخش رہا اور آپریشن مہادیو نے اُس اطمینان کو اعتماد اور یقین میں بدل دیا۔ جناب شاہ نے زور دے کر کہا کہ ملک کے فوجیوں نے دنیا کو دکھا دیا کہ دہشت گرد چاہے جیسے بھی اپنے طور طریقے اور حکمتِ عملی بدلیں، وہ بھارت کو نقصان نہیں پہنچا سکتے اور بچ بھی نہیں سکتے۔ **x**

**MEA-GAZA JOURNALIST**

بھارت نے کہا ہے کہ غزہ کے خان یونس میں صحافیوں کی ہلاکت انتہائی تکلیف دہ اور کافی افسوسناک ہے۔ صحافیوں کی ہلاکت سے متعلق میڈیا کے سوالوں کا جواب دیتے ہوئے، وزارتِ خارجہ نے کہا ہے کہ بھارت نے لڑائی میں سویلین جانوں کے نقصان کی ہمیشہ مذمت کی ہے۔ اُس نے کہا ہے کہ اسرائیلی حکام نے اِس معاملے کی چھان بین کیلئے ایک انکوائری کمیٹی پہلے ہی تشکیل دے دی ہے۔ x

**GANESHOTSAV BEGINS**

گنیش اُتسو ، جسے ثقافتی شان و شوکت کی علامت تصور کیا جاتا ہے، آج مہاراشٹر میں شروع ہوگیا ہے۔ بھگوان گنیش کی آمد پر لوگوں میں کافی جوش و خروش پایا جارہا ہے۔ گنیش اُتسو کا یہ فیسٹیول اگلے 11 دن یعنی Anant Chaturdashi تک جاری رہے گا، جس میں لوگ خوشی اور مسرت کے ساتھ حصہ لیں گے۔ x

**PREZ GANESH CHATURTHI**

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیرِ اعظم نریندر مودی نے گنیش چترتھی کے مبارک موقع پر آج عوام کو مبارکباد دی ہے۔ صدرِ جمہوریہ نے امید ظاہر کی ہے کہ بھگوان گنیش انفرادی اور قومی ترقی کی راہ پر ملک کی رہنمائی کرتے رہیں گے۔ انہوں نے شہریوں سے زور دے کر کہا کہ وہ ماحولیات کو نقصان نہ پہنچانے والے طرزِ زندگی کو اختیار کرتے ہوئے، ایک مضبوط اور خود کفیل ملک کی تعمیر کے تئیں عہدبند رہیں۔

وزیرِ اعظم مودی نے کہا ہے کہ دعاء کرتا ہوں کہ یہ مقدس موقع سب کیلئے خوشحالی لائے۔ انہوں نے یہ بھی دعا کی کہ بھگوان گنیش اپنے سبھی عقیدتمندوں کو خوشی، امن اور اچھی صحت سے نوازیں۔ x

**RAVI CHANDRAN ASHWIN RETIRE**

سابق بھارتی اِسپنر روی چندرن اشوِن نے IPL کرکٹ سے ریٹائر ہونے کا اعلان کیا ہے۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ وہ اب دنیا بھر میں ہونے والی لیگوں میں کھیلیں گے۔ 221 میچوں میں 187 وکٹوں کے ساتھ اشون انڈین پریمئر لیگ IPL میں چوتھے نمبر کے سب سے زیادہ وکٹ لینے والے کھلاڑی ہیں۔ اپنے 14 سالہ لمبے Career کے دوران انہوں نے چنئی سُپر کنگس، Rising پونے Supergiant، پنجاب کنگس، دہلی کیپٹلس اور راجستھان رائلس سمیت متعدد فرنچائزوں کی نمائندگی کی۔ x

## VIVEK GAUR PASSED AWAY

1992 بیچ کے انڈین انفارمیشن سروس کے سینئر افسر وِویک کمار گوڑ کا آج صبح سویرے نئی دلّی میں انتقال ہوگیا۔ وہ 59 برس کے تھے۔ وی کے گوڑ فی الحال آکاشوانی کے خبروں کے شعبے میں خدمت انجام دے رہے تھے۔ انہوں نے اپنا کیریئر علاقائی نیوز یونٹ گنگاٹک سے شروع کیا تھا اور وہ پریس انفارمیشن بیورو اور ڈائریکٹوریٹ آف فلم پبلی سٹی میں بھی مختلف عہدوں پر فائز رہے۔ x

## LG LADAKH GRACE FISTIVAL

لداخ میں گرمیوں کے موسم کا Suru فیسٹول 2025، اُس وقت تاریخی اعتبار سے شروع ہوا، جب Suru وادی میں پہلی مرتبہ اگست میں برفباری ہوئی اور اس برفباری نے، اِس فیسٹول کو ایک شاندار برفباری کے فیسٹول میں تبدیل کردیا۔ اس فیسٹول کی شاندار افتتاحی تقریب میں پارلیمانی اور اقلیتوں کے اُمور کے وزیر کرن رججو مہمان خصوصی تھے اور لداخ کے لیفٹیننٹ گورنر Kavender گپتا اعزازی مہمان تھے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جناب رججو نے شاندار استقبال کیلئے Suru وادی کے عوام کا شکریہ ادا کیا۔ وزیر موصوف نے کہا کہ اگست میں ہوئی اس برفباری نے اس فیسٹول کو منانے والوں کیلئے پوری زندگی میں ایک بار حاصل ہونے والا تجربہ دیا ہے۔ ترقی پر بات کرتے ہوئے جناب رججو نے اس بات کو اجاگر کیا کہ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں بھارت سرکار سرحدی گاؤوں کی ترقی کیلئے پرعزم ہے۔×

## UNGA-FERFORMS

اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے سکیورٹی کونسل کے اصلاحات سے متعلق مذاکرات کو 17 ویں مرتبہ ملتوی کیا ہے۔ اس معاملے پر اب اگلے اجلاس میں تبادلہ خیال ہوگا۔ بھارت، برازیل، جرمنی اور جاپان پر مشتمل جی-4 ملکوں نے اس التوا کی نکتہ چینی کی ہے اور اِسے اقوام متحدہ عالمی بھروسے کو نقصان پہنچانے والا بتایا ہے۔ جی-4 ممالک کونسل کی مستقل اور غیر مستقل سیٹوں میں توسیع کی حمایت کرتے ہیں۔ بھارت، برازیل اور جرمنی کی طرف سے بات کرتے ہوئے جاپان نے کہا کہ اسمبلی کی ناکامی سے اقوام متحدہ میں اعتماد کم ہوا ہے۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆